اَوْرَادِ فَتحِیَّہ

تالیف: حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی (عرف شاہِ ہمدان)

پیدائش: 12 رجب المرجب 714 ھ

وفات: عدد "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" 6 ذی الحج 786ھ

فضائل وبرکات: اورادِفتحیہ میں وہ تمام اوراد شامل ہیں جو شاہِ ہمدانؒ نے ایک ہزار چار سو اولیائے کرام سے جمع کیے تھے اور انہیں پڑھنے کی اجازت حاصل کی تھی۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی تصنیف کردہ کتاب انتباہ فی سلاسل اولیاء میں لکھتے ہیں کہ یہ اروادشریفہ ایک ہزار چار سو اولیائے کاملین کے کلام کا مجموعہ ہیں اور جو حضور قلب کے ساتھ اپنے اوپر لازم کرلے اسکی برکت اور صفائی مشاہدہ کرے گا اور ایک ہزار چار سو ولی کی ولایت سے حصہ پاوے گا۔حضرت امیر کبیرؒ نے تین دفعہ تمام روئے زمین کی سیر کی اور ایک ہزار چار سو ولیءکامل کی ملاقات سے مشرف ہوئے اور رخصت کے وقت ہر ایک سے دعا اور وظائف کی التماس کرتے۔تمام رقعے اور وہ ذکر جوان کے دل سے بے اختیا جاری ہوتے تھے ان کو اپنے جامع میں مرقع کر لیتے تھے اور آپ ہی سے منقول ہے کہ جب میں بارھویں دفعہ کعبہ شریف کی زیارت کو گیا اور مسجد حرام میں پہنچا تو خواب میں دیکھا کہ سرورِ کائنات ﷺ میری طرف تشریف لارہے ہیں میں بھی آگے بڑھا اور آپ ﷺ نے فرمایا "خُذ هٰذه الفتحية" جب میں نے لے کر دیکھا تو بعینہٖ وہی اوراد تھے جو پہلے اولیاءکرام سے مجھے ملے تھے۔اس واسطے تبرکاً وتیمناً اس کا نام اورادِفتحیہ رکھا۔

حضرت شاہِ ہمدانؒ خود فرماتے ہیں کہ جب میں نے کتب احادیث کی طرف رجوع کیا اور معلوم ہوا کہ یہ تمام اوراد احادیثِ رسول مقبول ﷺ میں موجود ہیں لٰہذا جو حضرات سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ واکمل التحیات کے معمولات زندگی پر چلنے کے خواہش مند ہوں اُن کے لئے یہ ''اورادِ فتحیہ'' بہترین وظیفہ ہے۔ اسکے پڑھنے سے بفضل اللہ مشکلات آسان۔ ترقیٔ ایمان اور تقرّبِ رحمان حاصل ہوگا۔ اورادِ فتحیہ ایک ایسا وظیفہ ہے جس کے پڑھنے سے قدرتی سکون قلب حاصل ہوتا ہے۔ عبادت کے ساتھ ساتھ اس وظیفہ کے پڑھنے سے دنیاوی مشکلات آسان ہونے کی ضمانت موجود ہے۔ لَایَرُدُّ القضاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ کے بموجب سختیوں کا سدباب اور تکالیف کا علاج اس مستند اوراد کے ذریعے ہی ممکن ہے جو کہ قرآن وحدیث سے منتخب ہے اور یہ وہ اصل نسخہ ہے جو شاہِ ہمدانؒ سے منسوب ہے۔ تحریفِ کلمات سے بچیں انشا اللہ اس وظیفے کا عامل توحید کے راستے پر گامزن رہے گا اور مشکلات کے وقت صحیح راہنمائی پائے گا تاریکی دور ہوگی، دل کے اندر اسلام کی روشنی پیدا ہوگی۔

جناب حکیم الاُمت علامہ اقبالؒ مرحوم نے شاہِ ہمدانؒ کی منقبت میں جاوید نامہ میں چند اشعار بیان کیے ملاحظہ فرمائیں:

سید السادات، سالارِ عجم　　دستِ او معمارِ تقدیرِ اُمم

تا غزالی درس اللہ گرفت　　ذکر و فکر از دودمانِ او گرفت

خطہ را آں شاہ دریا آستین　　داد علم وصنعت وتہذیب ودین

آفرید آں مرد ایران صغیر　　با ہنرہائے غریب ودلپذیر

دعائے رقاب کی فضیلت

وجہ تسمیہ: رقاب جمع رقبہ کی ہے جس کے معنی گردن کے ہیں کیونکہ عربی میں رقبہ کے اصطلاحی معنیٰ غلام کے ہیں اس دعا کا نام دعائے رقاب محض اس لئے رکھا گیا ہے کہ انسان بہر طور خداوند کریم کا غلام ہے اور غلام اپنے مالک سے ہر چیز کا سوال کرتا ہے غلام کے پاس کوئی چیز اپنی نہیں ہوتی اور نہ وہ کسی چیز کا مالک ہوتا ہے چھوٹی چیز سے لے کر بڑی چیز تک وہ اپنے مالک کا محتاج ہوتا ہے۔ لہٰذا جناب امیر کبیرؒ نے ایسی دعا بیان کی ہے جس میں بندہ نے اپنے مالک حقیقی سے ہی ہر چیز کا سوال کیا ہے۔ اس دعائے رقاب میں کوئی چیز ایسی نہیں جو انسان کی فلاح و بہبود کے لئے نہ ہو اور جس کا سوال حضرت امیر کبیرؒ نے اپنے مالک حقیقی سے نہ کیا ہو۔ یقیناً بندہ بلحاظ بندگی کے ہر چیز اپنے پروردگار سے مانگنے کا محتاج ہے۔ مختصر کلام یہ ہے کہ جناب امیر کبیرؒ نے توحید کا مفہوم اور اَدِفتحیہ تالیف کر کے واضح کیا گویا اس آیت کی تشریح کی ہے۔ "اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ" دعائے رقاب اور اَدِفتحیہ کا ملزوم ہے' ایک مستند وظیفہ کے بعد ایک مستند دعا کی ضرورت ہوتی ہے جس سے توحید کے رموز و اسرار منکشف ہوں' جن دعاؤں سے یہ معلوم ہو کہ ہر چیز کا سوال صرف خدائے قدوس سے کیا جا سکتا ہے' اس کے سوا کوئی بھی مجیب الدعوات نہیں۔ حقیقتاً دعا ہی عبادت کی روح ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے: (اَلدُّعَاءُ مُخُّ الۡعِبَادَةِ) دعا عبادت کا مغز ہے۔ اس لیے جناب امیر کبیر رحمۃ اللہ علیہ نے دعائے رقاب میں ہمہ حاجات جن کا انسان محتاج ہے بدرگاہِ مجیبُ الدعوات میں پیش کر کے اپنی عاجزی اور بے بسی کا اظہار کیا ہے اس لیے ہر دعا کے بعد مشکل کشائی کے لیے یہ دعا اکمل ہے۔

اَوْرَادِ فَتحِیَّۃ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ بہت رحم فرمانے والا ہے

اَسْتَغْفِرُ[ف1] اللّٰہَ الْعَظِیْمَ تین بار پڑھیں اَلَّذِیْ

میں بخشش چاہتا ہوں اللہ بزرگ و برتر سے ایسا اللہ کہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ

نہیں کوئی معبود مگر وہی جو زندہ ہے اور قائم ہے اور میں اس کی جانب

اِلَیْہِ وَ اَسْاَلُہُ التَّوْبَۃَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ

لوٹتا ہوں اور اسی سے توبہ کی توفیق مانگتا ہوں اے اللہ تو

السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ

سلامتی والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی ہے اور تیری جانب لوٹتی ہے

ف1 جناب علی ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوراد شریف کا آغاز کلمہ استغفار سے کیا ہے، تا کہ ظاہری اور باطنی گناہوں سے پاک وصاف ہو کر قاری اس قابل ہو کہ خدائے قدوس کی تعریف اور توصیف کے ساتھ ساتھ سرورکائنات علیہ الصلوۃ والسلام کے لیے صلوۃ وسلام پاکیزہ زبان سے ادا ہو۔

ہزار بار بشویم دہن بمشک وگلاب   ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَ اَدْخِلْنَا

سلامتی، زندہ رکھ ہم کو اے ہمارے رب سلامتی کے ساتھ اور داخل کر ہم کو گھر

دَارَالسَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَيْتَ يَا

سلامتی کے (جنت میں)اور تو برکت والا ہے اے ہمارے رب اور تو بلند مرتبہ ہے اے

ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ ف2

شان اور بزرگی والے۔ اے اللہ تیرے ہی لیے ہے تمام تعریف

حَمْدًا يُّوَافِيْ نِعَمَكَ وَ يُكَافِيْ مَزِيْدَ

وہ تعریف جو کافی ہو تیری نعمتوں کے لیے اور کافی ہو تیرے کرم کی زیادتی

كَرَمِكَ اَحْمَدُكَ بِجَمِيْعِ مَحَامِدِكَ

کے لیے تعریف کرتا ہوں میں تیری ساتھ تمام تر ان تعریفوں کے

ف2
جناب حضرت امیر کبیر رحمۃ اللہ علیہ نے جس بسط وکشاد کے ساتھ حمد کی تعریف کی ہے۔ میرا خیال ہے کسی بھی مفسر نے اس درجہ حمد الٰہی کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچایا یعنی خداوند کریم کی تعریف کرنے کا خاصہ یہ ہے کہ جس قدر اس کی تعریف اور شکر کیا جائے انعام واکرام میں بھی اسی قدر اضافہ ہو۔ حضرت علی ثانیؒ نے حمد کے متعلق یہ الفاظ استعمال کیے" خداوند میں وہ حمد وثناء بیان کرتا ہوں جس کی بدولت ہر قسم کی نعمتوں کا شکر ادا ہو اور انعام واکرام میں اضافہ ہو اور اس چیز سے میں قاصر ہوں کہ تیری پوری تعریف کر سکوں البتہ جتنا علم تو نے مجھے عنایت کیا اس درجہ حمد وثنا بیان کر سکتا ہوں اور وہ تعریف بھی کرنا چاہتا ہوں جس کے الفاظ کے خزانوں کا صرف تو عالم ہے اور تیرے سوا کوئی بھی علم نہیں رکھتا مگر وہ الفاظ بھی معنوی لحاظ سے اس حمد وثنا میں شامل کرتا ہوں گویا مکمل طور پر تیری تعریف ادا کرتا ہوں جس میں کوئی کمی باقی نہ رہے۔"

مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَعَلٰى
جن کو میں جانتا ہوں ان (تعریفوں) میں سے اور جن کو میں نہیں جانتا

جَمِيْعِ نِعَمِكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ
اور (تعریف کرتا ہوں) تیری تمام نعمتوں کی، جن کو میں جانتا ہوں ان میں سے اور جن کو میں نہیں

اَعْلَمْ وَعَلٰى كُلِّ حَالٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ
جانتا اور تعریف کرتا ہوں ہر حال میں۔ پناہ چاہتا ہوں اللہ کی

الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ط اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
شیطان مردود سے اللہ وہ ہے کہ کوئی معبود نہیں

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ
مگر وہی جو کہ زندہ اور قائم ہے۔ نہ اس کو اونگھ آتی ہے

وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ط
اور نہ نیند۔ اسی کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط
کون ہے وہ جو (کسی کی) سفارش کر سکے اس کے حضور بغیر اس کی اجازت کے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج
وہ جانتا ہے وہ (سب حالات) جو مخلوقات کے آگے اور جو پیچھے کے ہیں۔

وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا
اور نہیں احاطہ کر سکتے (لوگ) کچھ بھی اس کے علم کا، مگر

بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
جس قدر وہ چاہے۔گھیر رکھا ہے اس کی کرسی نے (حکومت نے) آسمانوں کو اور زمین کو

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝
اور نہیں ہے بوجھ اس پر ان (زمین و آسمان) کی حفاظت کا اور وہ بالاشان عظمت والا ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ ف3 ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار
پاک ہے اللہ۔سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اللہ سب سے بڑا ہے

ف4 لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو اکیلا ہے۔ نہیں ہے کوئی ساتھی

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى
اس کا اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے ہے تعریف اور وہ ہر شے پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ۱۰ بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
قدرت رکھتا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ

ف3 کلمتان خفیفتانِ علی اللّسان ثقیلتانِ فی المیزان حبیبتانِ عندالرحمان سبحان اللّٰہ، الحمدللّٰہ
(حدیثِ رسول) یہ دو محبوب کلمات زبان پر ہلکے، میزان میں وزنی، اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب۔

الْمَلِكُ الْجَبَّارُ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ
جو زبردست اور دبدبے والا ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ جو واحد اور

الْقَهَّارُ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۞
قہر والا ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو زبردست بخشش کرنے والا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْكَرِيْمُ السَّتَّارُ ۞ لَآ اِلٰهَ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو کرم کرنے والا ہے اور پردہ پوش ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مگر اللہ جو بزرگ و برتر، اعلیٰ شان والا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ

خَالِقُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَعْبُوْدُ
بنانے والا رات اور دن کا نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جس کی عبادت کی جائے

ف کلمہ توحید کے ساتھ جناب امیر کبیرؒ نے خدائے قدوس کے وہ صفاتی نام شامل فرمائے جن کا ذکر قرآن کریم کی مختلف سورتوں میں آیتوں کے اختتام پر باری تعالیٰ نے خود بطور حجت کے بیان کیا یعنی جو چیز انسان کی عقل اور اس کے فہم وفراست میں نہ آسکے اور انسان اس کے سمجھنے میں دلائل طلب کر کے اپنے آپ کو مطمئن کرنا چاہے تو خداوند کریم اپنے صفاتی ناموں کو بیان کرنے کے بعد یہ دلیل دیتے ہیں کہ میرے نزدیک یہ کام مشکل نہیں، میں ایسا کرنے پر پوری قدرت رکھتا ہوں، گویا خداوند کریم کیوں عبادت کے لائق ہے، دوسرا کیوں نہیں۔ جواب یہ ملتا ہے اس کی یہ یہ صفتیں ہیں جو غیر اللہ میں ہرگز نہیں پائی جاتیں لٰہذا وہی اللہ ہے جو ہر طرح عبادت و پرستش کے لائق ہے۔ لا الہ الا اللہ کے الٰہ یعنی معبود ہونے کی دلیل حجت کے لیے پیش کی ہے۔

بِكُلِّ مَكَانٍ ۞ لَآ اِلٰهَ[ف5] اِلَّا اللّٰهُ الْمَذْكُوْرُ بِكُلِّ

ہر جگہ۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جس کا ذکر کیا جاتا ہے ہر

لِسَانٍ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَعْرُوْفُ بِكُلِّ

زبان میں۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو مشہور ہے تمام

اِحْسَانٍ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِىْ

احسانات کے ساتھ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جس کی ہر روز

شَاْنٍ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِيْمَانًا بِاللّٰهِ ۞ لَآ

شان ہی نرالی ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جس پر ہمارا ایمان ہے۔ نہیں ہے

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانًا مِّنَ اللّٰهِ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ ہم اسی کی امان چاہتے ہیں نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

ف5 پروردگار عالم کا ذکر بے حساب ہو۔ آخر بے حساب کی بھی کوئی حد نہیں کیونکہ مخلوقات کی تعداد کون جانتا ہے؟ آج تک کتنی مخلوق دنیا و آسمان پر آئی اور آئندہ کتنی مخلوق پیدا ہوگی اور اب کس قدر ہے، عرش عظیم کا کتنا وزن ہے۔ کسی کو علم نہیں تو اللہ تعالیٰ کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔ خداوند کریم خود ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر تمام روئے زمین کے سمندر، ندی نالے بطور روشنائی کے استعمال کیے جائیں تب بھی خداوند کریم کی تعریف کی تکمیل ممکن نہیں اگرچہ یکے بعد دیگرے تا قیامت سمندر خشک ہو جانے کے بعد دوبارہ پیدا ہوں تب بھی اللہ تعالیٰ کی صفات، تعریف و توصیف مکمل نہیں کرسکتے اس کا صحیح اندازہ خداوند قدوس کو معلوم ہے۔ دراصل جو تعریف ذات پاک نے خود اپنی کی، اسی کے متعلق کسی کی کیا جرات ہے یا کون اتنا علم رکھتا ہے کہ ہمہ اوصاف والے کی کوئی بھی صفت بیان کرسکے۔

اَمَانَةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ
جس کی ہم امانت ہیں۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اور نہیں کسی میں طاقت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا
نہ قوت مگر صرف اللہ تعالیٰ میں۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اور نہیں

نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا ۝
عبادت کرتے ہم سوا اللہ تعالیٰ کے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو حق ہے حق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِيْمَانًا وَّ تَصْدِيْقًا ۝ لَآ اِلٰهَ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جس پر ہمارا ایمان ہے اور ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ تَعَبُّدًا وَّ رِقًّا ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
مگر اللہ تعالیٰ جس کی ہم عبادت کرتے ہیں اور جس کے ہم غلام ہیں نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

تَلَطُّفًا وَّ رِفْقًا ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ كُلِّ
ساتھ اپنی مہربانی اور رفاقت کے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو پہلے ہے ہر

شَیْءٍ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَعْدَ كُلِّ شَیْءٍ ۝
شے سے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بعد ہے ہر شے کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَبْقٰى رَبُّنَا ۝ وَيَفْنٰى وَيَمُوْتُ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ باقی رہے گا رب ہمارا اور فنا ہو جائیں اور مر جائیں گی

كُلُّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ
سب چیزیں ، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بادشاہ ہے حقیقتاً و

الْمُبِيْنُ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ
صراحتاً نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بادشاہ ہے حقیقتاً

الْيَقِيْنُ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۞
و یقیناً نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ عالی مرتبت، عظمت والا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ۞ لَآ اِلٰهَ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو نہایت بردبار اور فضل کرنے والا ہے نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ
مگر اللہ تعالیٰ رب ساتوں آسمانوں کا اور پروردگار ہے عرش

الْعَظِيْمِ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ ۞
عظیم کا۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو تمام فضل کرنے والوں سے زیادہ فضل وکرم کرنے والا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۞
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَبِيْبُ التَّوَّابِيْنَ ۞
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو محبوب رکھتا ہے توبہ کرنیوالوں کو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَاحِمُ الْمَسَاكِيْنِ ۝
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ رحم کرنے والا مسکینوں پر،

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هَادِى الْمُضِلِّيْنَ ۝
نہیں ہے کوئی معبودمگر اللہ تعالیٰ، ہدایت دینے والا گمراہوں کو،

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَلِيْلُ الْحَائِرِيْنَ ۝
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو رہنما ہے گمراھوں کا اور بھٹکے ہوؤں کا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَلِيْلُ الْمُتَحَيِّرِيْنَ ۝
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو رہنما ہے سوچنے والوں کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَانُ الْخَائِفِيْنَ ۝ ف[6]
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو جائے پناہ ہے خوفزدوں کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ غِيَاثُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ۝
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ، فریاد سننے والا، فریاد کرنے والوں کی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ
نہیں ہے کوئی معبود مگراللہ تعالیٰ جو بہتر ہے سب مدد کرنے والوں سے

ف[6] مشکلات کے وقت اس کلمہ شریف کی تکرار سے اطمینانِ قلب اور کامیابی نصیب ہوتی ہے۔

اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بہتر ہے سب حفاظت کرنے والوں سے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ

جو بہتر ہے تمام وارثوں سے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بہتر ہے

الْحَاكِمِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ۝

تمام حاکموں سے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بہتر ہے رزق دینے والوں سے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو بہتر ہے فتح کرنے والوں سے نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

مگر اللہ تعالیٰ جو بہترین بخشنے والا ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

جو بہتر ہے رحم کرنے والوں سے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو واحد (یکتا ہے)

وَصَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ

اور جس کے سب وعدے سچے ہوئے اور جس نے اپنے بندے (محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کی مدد کی اور اپنی

جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ وَلَا شَيْءَ

فوج کو غالب اور فاتح بنایا اور (کفر کی تمام) جماعتوں کو شکست دی وہ ایک اور واحد ہے اور اس کے بعد

بَعْدَهٗ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَهْلُ النِّعْمَةِ

کوئی شے نہیں ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ جو کہ نعمت والا ہے

وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ ۞

اور اس کے پاس فضل و کرم ہے اور وہی تمام ستائش کا مستحق ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اور نہیں عبادت کرتے ہم مگر اس کی

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ ۞

اس حال میں کہ خالص رکھنے والے ہیں اس کے لیے دین کو اور اگرچہ نا پسند کریں کافر۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ ف7

نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ تعداد اس کی مخلوقات کے اور وزن میں اس کے عرش کے

وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور تعداد میں اتنے کہ وہ راضی ہو جائے اور روشنائی (یعنی وسعت) میں اس کے کلمات کے، نہیں ہے کوئی معبود مگر

اللّٰهُ صَاحِبُ الْوَحْدَانِيَّةِ الْفَرْدَانِيَّةِ

اللہ تعالیٰ جو (صفات میں) ایک صاحب ہے، ذات میں یکتا ہے،

ف7 یہاں کلمہ لا الہ الا اللہ کی تعداد مراد ہے، یعنی یہ کلمہ شریف تعداد میں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر ہے اور وزن میں برابر اس کے عرش کے اور اتنی تعداد میں جتنے میں وہ راضی ہو جائے اور وسعت میں اس کے کلمات کے برابر۔ (صفحہ نمبر 9 بھی ملاحظہ فرمائیں)

الْقَدِيْمِيَّةِ الْاَزَلِيَّةِ الْاَبَدِيَّةِ لَيْسَ
ہمیشہ سے ہے، ازلی، ابدی۔ نہیں ہے اس کا کوئی

لَهٗ ضِدٌّ وَّلَا نِدٌّ وَّلَا شِبْهٌ وَّلَا شَرِيْكٌ
مقابل ،اور نہ اس کا کوئی مثل اور نہ کوئی اس کا مشابہ ہے اور نہ اس کا کوئی شریک

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اکیلا ہے وہ۔ نہ اس کا کوئی شریک ہے

لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ
تمام ملک اس کا ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں وہی زندہ رکھتا ہے اور وہی، موت دیتا ہے

وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ
اور وہ زندہ ہے، اس کو موت نہیں اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہی

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ
ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اور اسی کی طرف ہم کو جانا ہے

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۝
وہی اول ہے اور وہی آخر ہے اور وہی ظاہر ہے اور وہی باطن ہے

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
وہ ہر شے کا جاننے والا ہے اس کی مثل کوئی

شَیۡءٌ وَّهُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ (حَسۡبُنَا[8] اللّٰهُ
چیز نہیں ہے اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ

وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ
بہترین سہارا اور بہترین مالک اور بہترین

النَّصِیۡرُ) تین بار پڑھیں غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیۡكَ
مددگار۔ تجھ ہی سے مغفرت چاہتے ہیں اے ہمارے رب! اور تیری ہی طرف

الۡمَصِیۡرُ اَللّٰهُمَّ[9] لَا مَانِعَ لِمَاۤ اَعۡطَیۡتَ
ہم کو لوٹنا ہے اے اللہ نہیں ہے کوئی روکنے والا اس چیز کا جسے تو نے عطا کیا

وَلَا مُعۡطِیَ لِمَا مَنَعۡتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیۡتَ
اور نہ کوئی دینے والا ہے اس چیز کا جسے تو نے روک دیا اور نہیں ہے انکار کرنیوالا اور رد کرنیوالا اس چیز کا جس کا

ف[8] یہ ایسا وظیفہ ہے جس کا ثبوت قرآن حمید میں ملتا ہے۔ (وَقَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ فَانۡقَلَبُوۡا بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضۡلٍ) یعنی آفت زدہ لوگوں نے یہ پڑھا۔ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہی بہترین وکیل اور مددگار ہے۔ پروردگار نے ان کی حالت بدل دی اور اپنی جانب سے نعمت عطا کی اور فضل اور مہربانی سے ان کو نوازا۔ گویا قرآن حکیم سے حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ کا وظیفہ ثابت ہے۔ یہ واقعی ہر مشکل کے وقت پڑھنا مفید ہے۔ اس کے پڑھنے سے ہر قسم کی دینی و دنیاوی تکلیفیں دور ہوتی ہیں اور انعام الٰہی کا مستحق ہوتا ہے۔

ف[9] تقدیر کا مسئلہ اس دعا نے حل کر دیا ہے۔ وَلَا مُبَدِّلَ لِمَا حَكَمۡتُ جس کو دے اس سے کوئی چھین نہیں سکتا اور جس کو وہ نہ دے اس کو کوئی دے نہیں سکتا۔

وَلَا مُبَدِّلَ لِمَا حَكَمْتَ وَلَا يَنْفَعُ

تو نے فیصلہ کر دیا ہے۔ اور نہیں کوئی بدلنے والا اس چیز کا جس کا آپ نے حکم دیا اور کوئی نفع نہیں دے سکتی

ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحَانَ رَبِّيَ

بختاوری مقابلہ میں اس کی بختاوری کے۔ پاک ہے میرا رب

الْعَلِيِّ الْاَعْلَى الْوَهَّابِ سُبْحَانَ

جو عالی شان، بلند مرتبہ اور بخشنے والا ہے پاک ہے ذات

رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْاَعْلَى الْوَهَّابِ الْكَرِيْمِ

میرے عالی مرتبہ رب کی جو سب سے برتر اور بخشش کرنے والا، فضل و کرم کرنے والا ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْاَعْلَى الْكَرِيْمِ

پاک ہے میرا رب جو بلند و برتر، فضل و کرم کرنے والا اور

الْوَهَّابِ يَا وَهَّابُ سُبْحَانَكَ [ف10] مَا عَبَدْنَاكَ

بخشنے والا ہے۔ اے بخشنے والے پاک ذات ہے تیری (اے اللہ) نہیں عبادت کی ہم نے

حَقَّ عِبَادَتِكَ سُبْحَانَكَ مَا عَرَفْنَاكَ

جیسا کہ عبادت کرنے کا حق ہے۔ پاک ذات ہے تیری (اے اللہ)! نہیں پہچانا ہم نے تم کو

ف[10] جس قدر بھی عبادت کی جائے کم ہے اور جس قدر بھی شکر کیا جائے کم ہے۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا گر تم خدا کی نعمتوں کا حساب کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے۔ کس کس نعمت کا شکر کیا جائے۔ بے حساب نعمتوں کا شکر اس مختصر سی زندگی میں ناممکن ہے۔

حَقَّ مَعْرِفَتِكَ سُبْحَانَكَ مَا ذَكَرْنَاكَ

جیسا کہ حق تھا پہچاننے کا۔ پاک ذات ہے تیری (اے اللہ) نہیں یاد کی ہم نے تیری

حَقَّ ذِكْرِكَ سُبْحَانَكَ مَا شَكَرْنٰكَ حَقَّ

جیسا کہ حق تھا یاد کرنے کا اے اللہ پاک نہیں شکر ادا کیا ہم نے تیرا جیسا

شُكْرِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ

کہ ادا کرنے کا حق تھا۔ پاک ہے ذات تیری اے اللہ تو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ

پاک ہے قدرت تیری اے اللہ تو واحد اور یکتا ہے۔ اے اللہ پاک ہے تو

الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَافِعِ السَّمٰوٰتِ

اکیلا ہے اور بے نیاز ہے۔ اے اللہ پاک تو ہی بلند کرنے والا ہے آسمانوں کا

بِغَيْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِيْ لَمْ

بغیر ستون کے۔ پاک ہے ذات اللہ تعالیٰ کی کہ جس نے نہ کوئی

يَتَّخِذْ صَاحِبَةً[11] وَّلَا وَلَدًا ط سُبْحَانَ اللّٰهِ

بیوی کی اور نہ ہی کوئی اولاد ہے۔ پاک ذات ہے اللہ تعالیٰ کی

الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

جس نے کسی کو نہیں جنا اور نہ اس کو کسی نے جنا ہے اور نہ ہی کوئی

كُفُوًا اَحَدٌ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ

اس کا ہمسر ہے۔ پاک بادشاہ ہے بڑا پاک

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ

اے اللہ پاک تو ہی مالک ہے، عالم ظاہر اور عالم باطن کا اے اللہ پاک

ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْهَيْبَةِ

تیرے ہی واسطے عزت اور عظمت اور قدرت (کاملہ) اور ہیبت

وَالْجَلَالِ وَالْجَمَالِ وَالْكَمَالِ وَالْبَقَاءِ

اور جلال اور خوبیاں اور کمال اور بقاء

وَالثَّنَاءِ وَالضِّيَاءِ وَالْآلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ

اور تعریف اور نور اور نعمتیں اور تمام احسانات ہیں

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ

اور بزرگی (ذات) اور بزرگی (صفات) پاک ذات ہے تیری اے بادشاہ

ف11 وہ پاک ذات جس نے کسی بھی حالت میں اولاد کو پسند نہیں کیا۔ اور یہ تو کفار و مشرکین کا سراسر بہتان ہے کہ خداوند کریم کی لڑکیاں فرشتے ہیں یا عیسائی کہتے ہیں کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام خداوند کریم کا لڑکا ہے۔ افسوس ہے ان بہتان تراشوں پر جنہوں نے خدا کی ذات کے ساتھ شریک ٹھرائے۔ اسی کی تردید میں سورۃ اخلاص قرآن حکیم میں نازل ہوئی جس نے تمام مشرکین کے غلط عقائد کو باطل کر دیا ہے۔

الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ؕ سُبُّوْحٌ
ہمیشہ زندہ رہنے والے جو نہ سوتا ہے اور نہ جس کے لیے موت ہے۔تعریف کے قابل،

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ؕ
بڑا پاک ہے ہمارا رب اور فرشتوں اور ارواح کا رب ہے (پرورش کرنے والا)

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا
پاک ہے اللہ تعالیٰ اور جملہ حمد و ثنا صرف اللہ کے لیے ہے اور کوئی عبادت کے لائق نہیں مگر

اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اللہ تعالیٰ اور اللہ سب سے بڑا ہے اور کسی میں کوئی قوت اور طاقت نہیں

اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ
مگر اللہ تعالیٰ کی جو کہ عالی شان اور بلند مرتبہ ہے الٰہی تو

الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
بادشاہ ہے (اور تجھی کو بادشاہی سزاوار ہے) ایسا کہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، صرف تو

يَآ اَللهُ ۛ 12 يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مَلِكُ
اے اللہ، اے مہربان، اے رحم کرنے والے اے بادشاہ،

يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ
اے جملہ عیوب سے پاک، اے سلامتی والے اے امان دینے والے، اے نگہبان،

يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا خَالِقُ

اے غالب اے ہر قسم کا اختیار رکھنے والے، اے بڑائی والے، اے پیدا کرنے والے،

يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ يَا غَفَّارُ يَا قَهَّارُ

اے پیدا کرنے والے، اے صورت بنانے والے، اے بخشش کرنے والے اے زبردست،

يَا وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ

اے بہت بخشنے والے، اے رزق دینے والے، اے مشکل کشا، اے ہر چیز کے جاننے والے،

يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا خَافِضُ يَا رَافِعُ

اے بند کرنے والے روزی کے، اے زیادہ روزی کرنے والے، اے پست کرنے والے، اے بلند کرنے والے،

يَا مُعِزُّ يَا مُذِلُّ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ

اے عزت دینے والے، اے ذلت دینے والے، اے سننے والے، اے دیکھنے والے

يَا حَكَمُ يَا عَدْلُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ

اے انصاف کرنے والے، اے عدل کرنے والے، اے باریکی دیکھنے والے، اے باخبر

يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا غَفُوْرُ يَا شَكُوْرُ

اے بردبار، اے عظمت والے، اے بخشنے والے، اے شکر کرنے والوں کے قدردان،

ف[12] خداوند کریم کے ۹۹ ناموں کو اسمائے حسنیٰ کہا جاتا ہے جن کے متعلق قرآن فرماتا ہے (وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا)۔ اللہ تعالیٰ کے اچھے نام ہیں۔ ان ناموں کے ذریعے خدا سے مانگو۔ حدیث میں ہے جو ان ناموں کا ذکر کرے جنت میں داخل ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

يَا عَلِيُّ يَا كَبِيْرُ يَا حَفِيْظُ يَا مُقِيْتُ

اے عالی مرتبہ، اے ہر شے سے بڑے، اے حفاظت کرنے والے اے روزی دینے والے،

يَا حَسِيْبُ يَا جَلِيْلُ يَا كَرِيْمُ يَا رَقِيْبُ

اے حساب رکھنے والے، اے بے نیاز اے کرم کرنے والے، اے نگھبان،

يَا مُجِيْبُ يَا وَاسِعُ يَا حَكِيْمُ يَا وَدُوْدُ

اے دعا قبول کرنے والے اے بڑھانے والے اے ہر چیز کے جاننے والے اے صاحب جود و کرم

يَا مَجِيْدُ يَا بَاعِثُ يَا شَهِيْدُ يَا حَقُّ

اے بزرگی والے، اے سبب رکھنے والے، اے ہر جگہ حاضر رہنے والے، اے سزاوار خداوندی،

يَا وَكِيْلُ يَا قَوِيُّ يَا مَتِيْنُ يَا وَلِيُّ

اے کارساز، اے قوت والے اے مضبوطی والے، اے مددگار

يَا حَمِيْدُ يَا مُحْصِي يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ

اے تعریف والے، اے ہر شے کو گھیرنے والے، اے پیدا کرنے والے اے دوبارہ پیدا کرنیوالے

يَا مُحْيِي يَا مُمِيْتُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اے پیدا کرنے والے اے موت دینے والے، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اے ہمیشہ قائم رہنے

يَا وَاجِدُ يَا مَاجِدُ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ

والے، اے تونگر، اے بزرگی والے اے اکیلے، اے یکتا،

يَا صَمَدُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ يَا مُقَدِّمُ

اے بے نیاز بے پرواہ اے قدرت رکھنے والے، اے اقتدار والے، اے مقدم کرنیوالے

يَا مُؤَخِّرُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ

اے موخر کرنے والے اے سب سے اول اے سب سے آخر، اے ظاہر،

يَا بَاطِنُ يَا وَالِىُ يَا مُتَعَالِىُ يَا بَرُّ

اے پوشیدہ رہنے والے، اے مالک، اے عالی شان والے اے مہربان

يَا تَوَّابُ يَا مُنْعِمُ يَا مُنْتَقِمُ يَا عَفُوُّ

اے توبہ قبول کرنے والے اے انعام دینے والے، اے بدلہ لینے والے، اے معاف کرنیوالے،

يَا رَءُوفُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَاالْجَلَالِ

اے بڑی رحمت کرنے والے، اے خداوند جہاں، اے صاحب جلال اے صاحب انعام و

وَالْاِكْرَامِ يَا رَبُّ يَا مُقْسِطُ يَا جَامِعُ

اکرام، اے پالنے والے اے داد دینے والے، اے جمع کرنے والے،

يَا غَنِىُّ يَا مُغْنِىُ يَا مُعْطِىُ يَا مَانِعُ

اے بے پرواہ، اے غنی کرنے والے، اے عطا کرنے والے، اے باز رکھنے والے گناہوں سے

يَا ضَآرُّ يَا نَافِعُ يَا نُوْرُ يَا هَادِىُ

اے ضرر پہنچانے والے، اے نفع پہنچانے والے، اے نور والے اے ہدایت دینے والے

يَا بَدِيْعُ يَا بَاقِيْ يَا وَارِثُ يَا رَشِيْدُ

اے ایجاد کرنے والے، اے ہمیشہ رہنے والے اے مالک، اے غلطیوں سے مبرا

يَا صَبُوْرُ يَا صَادِقُ يَا سَتَّارُ يَا مَنْ

اے بدلہ لینے میں جلدی نہ کرنے والے، اے سچے، اے پردہ پوشی کرنے والے اے وہ کہ

تَقَدَّسَ عَنِ الْاَشْبَاهِ ذَاتُهٗ وَتَنَزَّهَ [ف13]

برتر ہے مشابہت (کسی کی برابری) سے اس کی ذات اور پاک ہے

عَنْ مُشَابَهَةِ الْاَمْثَالِ صِفَاتُهٗ يَا مَنْ

اپنی جیسی مثال اور خوبیوں سے اس کی ذات اے وہ (اللہ)

دَلَّتْ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِهٖ اٰيَاتُهٗ وَشَهِدَتْ

جس کی واحدانیت پر اس کی نشانیاں دلالت کرتی ہیں اور شاہد ہوئی ہیں

[ف13] خداوند کریم کی ذات مقدس کو کسی چیز سے مشابہت نہیں دی جا سکتی نہ اس کی صفات عالیہ کو کسی کی صفت سے مماثل ٹھہرایا جا سکتا ہے' وہ ہر لحاظ سے بے مثل اور بے نظیر ہے۔ یہی اللہ تعالیٰ کی شان اطہر ہے۔ (لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ) اس جیسی کوئی شے نہیں ہے' وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ حضرت علی ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے خداوند قدوس کی وحدانیت کی دلیل ایسے کلمات سے دی جس کو کوئی ادیب فلسفی، حکیم نہیں بیان کر سکتا۔ جس کے ثبوت سے بڑے سے بڑا دشمن دین انکار نہیں کر سکتا۔ آپ نے ان الفاظ سے بہت بڑے بیکراں سمندر کو کوزے میں جمع کیا ہے۔ تمام کائنات خداوند کریم کی قدرت و خالقیت پر ایک بہت بڑی دلیل ہے۔

بِرَبُوْبِيَّتِهٖ مَصْنُوْعَاتُهٗ[ف14] وَاحِدٌ لَّا مِنْ

اس کی ربوبیت کی اس کی مخلوقات، وہ اکیلا ہے بغیر

قِلَّةٍ ۞ وَمَوْجُوْدٌ[ف15] لَّا مِنْ عِلَّةٍ ۞ يَا مَنْ

کسی قلت کے اور موجود ہے بغیر کسی سبب کے اے وہ (اللہ)

هُوَ بِالْبِرِّ مَعْرُوْفٌ وَّبِالْاِحْسَانِ

جو کہ نیکیوں کی وجہ سے مشہور ہے اور ساتھ احسان کے

مَوْصُوْفٌ مَعْرُوْفٌ بِلَاغَايَةٍ وَّمَوْصُوْفٌ

موصوف ہے، مشہور ہے بے انتہا اور موصوف ہے،

بِلَانِهَايَةٍ اَوَّلٌ قَدِيْمٌ بِلَا اِبْتِدَاءٍ

بغیر کسی حد کے اول ہے ، قدیم ہے جو بلا ابتدا کے

ف14 ہر گیا ہے کہ از زمین روید وحدہ لاشریک لہٗ گوید

جو چیز زمین سے اگتی ہے وہ الٰہی واحدانیت ایزدی کا ذکر کرتے ہوئے اگتی ہے۔ **دلیل وحدانیت:** واحد ایک ایسا ہے کہ جس میں کمی نہیں ہوسکتی۔ یعنی نصف، تہائی، چوتھائی نہیں ہوسکتا۔ عام طور پر ایک کے حصے ہوسکتے ہیں مگر خداوند کریم کا ایک ہونا ان تمام حصوں کا باطل کر دیتا ہے۔ وہ بے حصہ بلاکم وبیش (واحد) وہ ایک ہے جس کی مثال نہیں ملتی یعنی یہ وہ ایک نہیں جس کو گنتی میں سمجھا جائے یہ ایک وہ ہے صرف تردید (اِلٰهَةً اُخْرٰى) یعنی دوسرے معبودان باطلہ کے لیے استعمال کیا گیا۔ حضرت امیر کبیرؒ نے کس انداز سے اللہ تعالیٰ کے وجود کا ثبوت ادیبانہ اور فلسفیانہ طرز پر بیان کیا ہے۔

وَاٰخِرٌ كَرِيْمٌ بِلَا اِنْتِهَآءٍ وَ غَفَرَ

اور آخر کے کرم کرنے والا بغیر کسی انتہا کے اور بخشتا ہے

ذُنُوْبَ الْمُذْنِبِيْنَ كَرَمًا وَّحِلْمًا ۞

گنہگاروں کے گناہ بسبب اپنے کرم اور بردباری کے

يَا مَنْ لَّيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ

اے وہ (اللہ) نہیں ہے اس کی مثل کوئی شے اور وہ سننے والا

الْبَصِيْرُ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

دیکھنے والا ہے کافی ہے ہمارے واسطے اللہ اور بہترین کارساز،

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ يَا دَآئِمًا

بہترین مولیٰ اور سب سے بہتر مددگار، اے ہمیشہ رہنے والے

ف15 ایسا وجود ہے جس کے لیے کوئی سبب نہیں نہ کسی سبب کی ضرورت ہے جس طرح عام طور پر والدین کے بغیر اولاد نہیں ہوتی۔ کوئی سوچے خداوند کریم بغیر وسیلہ اور سبب کے کیسے پیدا ہوئے۔ اسلامی نقطہ نظر سے اس کا جواب موجود ہے کہ حضرت آدم بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے۔ جنابہ حوا بغیر ماں کے اور حضرت عیسیٰؑ بغیر باپ کے تولد ہوئے۔ خدا کی ذات اس سے بلند و برتر ہے۔ وہ حقیقی مالک وخالق کائنات ہے، یہ اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے اور اس کو جناب موحدِ ربانی نے کن خوبصورت الفاظ میں واضح کیا۔ ایک انصاف پسند انسان کے لیے خدا کی وحدانیت اور اس کی الوہیت سمجھنے کے لیے یہ عقلی و نقلی دلیل کافی وشافی ہے۔ اس کے بعد کوئی وجہ انکار نہیں ہوسکتی۔ (لَوْ كَانَ فِيْمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا) اگر اللہ کے سوا کوئی آسمان وزمین کا مالک ہوتا تو دونوں کا نظام بگڑ جاتا یعنی نظام کائنات قائم نہ رہتا۔

بِلَا فَنَآءٍ وَ يَا قَآئِمًا بِلَا زَوَالٍ وَيَا مُدَبِّرًا
بغیر فنا کے اور اے قائم رہنے والے بلا زوال کے اور اے مدبر

بِلَا وَزِيْرٍ سَهِّلْ عَلَيْنَا وَعَلٰى وَالِدَيْنَا
بلا صلاح کار کے آسان کر ہم پر اور ہمارے والدین پر

كُلَّ عَسِيْرٍ لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ
تمام دشواریاں، نہیں شمار کر سکتا میں تیری ثنا کو جیسا کہ

اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ عَزَّ
خود تو نے ثنا کی اپنی، عزت مند و سربلند ہے

جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ
جس نے تیری پناہ لی اور بہت بڑی ہے تیری حمد و ثنا اور پاکیزہ ہیں

اَسْمَاؤُكَ وَعَظُمَ شَانُكَ وَلَآ اِلٰهَ
تیرے تمام نام اور بہت بڑا مرتبہ ہے تیرا اور نہیں ہے تیرے سوا کوئی معبود،

غَيْرُكَ يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ بِقُدْرَتِهٖ
کرتا ہے اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے اپنی قدرت سے

وَيَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ بِعِزَّتِهٖ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ
اور جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے غلبہ اور طاقت سے ، آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ

ف16 تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ كُلُّ شَىۡءٍ هَالِكٌ اِلَّا

کی طرف لوٹ جاتے ہیں سب کام، ہر شے ہلاک ہو جانے والی ہے مگر

وَجۡهَهٗ لَهُ الۡحُكۡمُ وَ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ

اس کا رخ انور، اسی کا فیصلہ آخری فیصلہ اور اسی کی طرف تم سب لوٹائے جانے والے ہو

فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ

پس کافی ہے اللہ تعالیٰ تیرے لیے اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَ كَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنۡ

بس، ہمارے واسطے اللہ تعالیٰ کافی ہے، سنتا ہے اللہ تعالیٰ جبکہ کوئی شخص

دَعَا لَيۡسَ وَرَاءَ اللّٰهِ الۡمُنۡتَهٰى مَنِ اعۡتَصَمَ

دعا کرے، نہیں ہے اللہ تعالیٰ کے پیچھے کوئی مُنتہائے مقصود، جس شخص نے سہارا پکڑا

بِاللّٰهِ فَقَدۡ نَجَا سُبۡحَانَ مَنۡ لَّمۡ يَزَلۡ

اللہ تعالیٰ کا، پس اسے نجات مل گئی، پاک ہے وہ جو ہمیشہ رحمت کرنے والا

ف16 خدائے قدوس مختار کل ہے، اس کے معاملہ میں کوئی مداخلت نہیں کرسکتا وہ با اختیار ہے جو چاہے کرسکتا ہے اور کرنے پر قادر ہے۔ اس کا اعلان بار بار قرآن حکیم میں اس نے کیا ہے (اِنَّ للّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ) وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ناممکن کو ممکن اور ممکن کہ ناممکن بنانے والا صرف وہ ہے، اس معاملے میں نہ کوئی اس کا شریک ہے نہ وزیر اور نہ مشیر ہے (اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ شَيۡاً اَنۡ يَقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنَ) اس کا مطلب حضرت فریدالدین عطارؒ نے ان اشعار میں بیان کیا ہے۔

اوست سلطان ہر چہ خواہد آن کند | عالمے را در دمے ویران کند
آں یکے را ارّہ برسرمے کشد | دیگرے را تاج برسرمے نہند

رَبًّا رَّحِيْمًا وَّلَا يَزَالُ كَرِيْمًا لَآ اِلٰهَ

رب پروردگار ہے اور ہمیشہ فضل و کرم کرتا رہے گا۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

مگر اللہ تعالیٰ بردبار، فضل و کرم کرنے والا پاک ہے اللہ تعالیٰ

وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

اور برکتوں والا اللہ، پالنے والا ساتوں آسمانوں کا

وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ

اور پالنے والا عرش عظیم کا اور سب تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پالنے والا ہے تمام عالموں کا نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا

جو اکیلا ہے، اس کا شریک کوئی نہیں، وہی ہے معبود اللہ اکیلا ہے

اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِتْرًا حَيًّا قَيُّوْمًا

(اپنی ذات میں) یکتا ہے (اپنی صفات میں) بے نیاز ہے، اکیلا طاق ہے ہمیشہ زندہ رہنے والا،

دَآئِمًا اَبَدًا ۝ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا

ہمیشہ قائم رہنے والا ہمیشہ رہے گا جس کی کوئی انتہا نہیں ہے نہ اسکی زن (بیوی) اور نہ اس کا کوئی

وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ

فرزند ہے اور نہیں ہے اس کا کوئی شریک

فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ

حکومت میں اور نہیں ہے اس کا کوئی نائب بہ سبب

الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ

کمزوری کے اور بڑائی (بیان) کرو اس کی جیسی کہ کرنی چاہیے اللہ بہت بڑا ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ [ف17] لِدِيْنِنَا وَحَسْبُنَا اللّٰهُ

کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ ہمارے دین کے واسطے اور کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ

لِدُنْيَانَا حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَا اَهَمَّنَا

ہمارے دنیا کے واسطے، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ ہماری مہمات (ضروریات) کے واسطے،

حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيْنَا حَسْبُنَا

کافی ہے ہمارے لیے اللہ کسی دشمن کی دشمنی کے واسطے، کافی ہے ہمارے لیے

ف17 ہر معاملہ میں ہمارے لیے اس کی مدد درکار ہے اور وہی بس ہے (اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ) کیا اپنے بندہ کے لیے اللہ تعالیٰ کافی نہیں؟ اس کے جواب میں جناب موحد ربانی نے دین اور دنیا کی مشکلات پر حاسدوں کے حسد پر، کسی شریر کے شر پر، موت کے وقت قبر میں، نکیر و منکر کے جواب کے وقت' پل صراط کے عبور کرتے وقت' میزان میں عمل کو تولتے وقت، گویا ایک ہمہ وقت خداوند کریم ہمارے شامل حال رہے اور اس کی مدد کے بغیر ہمارا کام نہیں چل سکتا اور اسی سے ہم مدد کے خواستگار ہیں۔

ف18 یعنی حشر میں جبکہ سوالات کیے جائیں گے۔ صفحہ نمبر: 31

اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنَا حَسْبُنَا اللّٰهُ لِمَنْ

اللہ تعالیٰ کسی حاسد کے حسد کے واسطے، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے

كَادَنَا بِسُوْٓءٍ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ

جو ہمارا برا چاہتا ہے، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ موت کے وقت

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْقَبْرِ حَسْبُنَا اللّٰهُ

کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ قبر کے وقت (یعنی قبر میں) کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ

عِنْدَ الْمَسَآئِلِ [ف 18] حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ

سوالات کے وقت، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ پل صراط کے وقت

حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْحِسَابِ حَسْبُنَا اللّٰهُ

کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ حساب کے وقت ، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ

عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ الْجَنَّةِ

میزان کے وقت، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ جنت

وَالنَّارِ حَسْبُنَا اللّٰهُ عِنْدَ اللِّقَآءِ حَسْبِيَ اللّٰهُ

اور دوزخ کے وقت، کافی ہے ہمارے لیے اللہ تعالیٰ ملاقات کے وقت، کافی ہے میرے لیے اللہ تعالیٰ

الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

وہ خدا کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ، اس پر میرا بھروسہ ہے

وَ اِلَیْہِ اُنِیْبُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

سُبْحَانَ اللّٰہِ مَا اَعْظَمَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

پاک ذات ہے اللہ تعالیٰ کتنی عظمت اور بزرگی والا ہے اللہ، نہیں ہے کوئی معبود مگر

اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَا اَحْلَمَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ

اللہ تعالیٰ، پاک ذات ہے اللہ تعالیٰ، کتنا کریم ہے وہ خدا۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَا اَکْرَمَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ

مگر اللہ تعالیٰ، پاک ذات ہے اللہ تعالیٰ کتنا کریم ہے وہ خدا۔ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ مُحَمَّدٌ

مگراللہ تعالیٰ جو اکیلا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

رَّسُوْلُ اللّٰہِ حَقًّا ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ [ف19] عَلٰی

کے سچے رسول ہیں۔ اے اللہ تعالیٰ درود رحمت کاملہ بھیج

ف19 حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر کیسا جاودانہ درود بھیجنے کا طریقہ جناب علی ثانیؒ نے بتایا: کہ اے اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اس وقت بھی درود وسلام بھیج جب درود پڑھنے والے درود پڑھ رہے ہوں اور اس وقت بھی جب لوگ دنیاوی کاموں میں مشغول ہوں یا رات کو سو رہے ہوں یا دیگر عبادات میں مصروف ہوں یعنی کوئی وقت، کوئی لمحہ باقی نہ رہے جب کہ آپؐ کی ذات پر تو اپنی خاص رحمتیں نازل نہ فرمائے۔ ہر وقت امت کی طرف سے درودوں کی ڈالیاں جارہی ہوں اور اس میں کوئی وقت خالی نہ رہے۔ دن ہو یا رات، صبح ہو یا شام ہماری طرف سے ان پر درود وسلام جاری وساری رہے۔

مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذّٰاكِرُوْنَ وَصَلِّ

محمد (ﷺ) پر جب بھی ذکر کرنے والے ذکر آپ کا کریں اور درود رحمت کاملہ

عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ

فرما محمد (ﷺ) پر جب بھی غافل رہیں آپؐ کی یاد سے

الْغَافِلُوْنَ رَضِيْنَا بِاللهِ تَعَالٰى رَبًّا

غافل رہنے والے، راضی ہیں ہم اللہ تعالیٰ جیسے رب سے

وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ

اور اسلام جیسے دین سے اور محمد (ﷺ)

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ

جیسے نبی اور رسول سے اور قرآن کریم جیسے

اِمَامًا وَّبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَّبِالصَّلٰوةِ

امام سے اور کعبہ جیسے قبلہ سے اور نماز جیسے

فَرِيْضَةً وَّبِالْمُؤْمِنِيْنَ اِخْوَانًا وَّبِالصِّدِّيْقِ

فریضہ سے اور مسلمانوں جیسے بھائیوں سے اور حضرت ابو بکر صدیقؓ

وَبِالْفَارُوْقِ وَبِذِى النُّوْرَيْنِ ف[20] وَبِالْمُرْتَضٰى

اور حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمان ذی النورینؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ

اَئِمَّةً ۞ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ
جیسے ائمہ اور پیشواؤں سے راضی رہے اللہ تعالیٰ ان

اَجْمَعِيْنَ ۞ مَرْحَبًا بِالصَّبَاحِ الْجَدِيْدِ
سب لوگوں سے، مبارک ہو نئی صبح

وَبِالْيَوْمِ السَّعِيْدِ وَبِالْمَلَكَيْنِ الْكَاتِبَيْنِ
اور مبارک ہو اچھا دن اور مبارک ہوں دونوں فرشتے کراما کاتبین (جو نیکی اور بدی لکھنے والے ہیں)

الشَّاهِدَيْنِ الْعَادِلَيْنِ حَيَّاكُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى
جو عادل گواہ ہیں، زندہ رکھے تم دونوں کو اللہ تعالیٰ

فِيْ غُرَّةِ يَوْمِنَا هٰذَا اُكْتُبَا فِيْ اَوَّلِ
آج کے دن پہلے پہر میں لکھو تم دونوں

صَحِيْفَتِنَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ہمارے نامہ کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاشْهَدَا بِاَنَّا نَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ
اورتم دونوں گواہ ہواس پر کہ ہم نے شہادت دی ہے کہ نہیں کوئی معبود

ف20 حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیوںؓ کا نکاح یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ سے ہوا تھا اس لیے آپؓ کا لقب ذولنورین پڑ گیا۔جس کا مطلب ہے دونوروں والے۔

اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ وَ نَشْھَدُ
(یا حاکم) سوائے اللہ تعالیٰ کے جو واحد ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اور شہادت دیتا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ
تحقیق محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں، ان کو بھیجا ہے اللہ تعالیٰ نے

بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی
ہدایت کے ساتھ اور دین حق کے ساتھ تاکہ غالب کریں دین ہدیٰ (دین حق) کو

الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْکَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ عَلٰی ھٰذِہٖ
تمام دینوں پر اگرچہ برا مانیں تمام مشرک اس

الشَّھَادَۃِ نَحْیٰ وَعَلَیْھَا نَمُوْتُ وَعَلَیْھَا
گواہی پر، ہم زندہ ہیں اور اس شہادت پر ہم مریں گے اور اسی شہادت پر

نُبْعَثُ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَعُوْذُ
ہم اٹھائے جائیں گے (قیامت کے دن) اگر چاہا اللہ تعالیٰ نے، پناہ مانگتا ہوں

بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ
ساتھ اللہ تعالیٰ کے تمام کلمات کے ذریعے اور واسطے سے، شر سے

مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ
اس چیز کے جو اس نے پیدا کیا ہے، شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو سب ناموں سے اچھا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ
شروع کرتا ہوں میں اس اللہ کے نام سے جو پروردگار ہے زمین کا اور پروردگار ہے آسمانوں کا،

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ
شروع کرتا ہوں اس خدا کے نام سے جس کی وجہ سے نہیں ضرر پہنچا سکتی کوئی

شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ
شے زمین کے اندر اور نہ آسمانوں میں اور وہ

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ
سننے والا، جاننے والا ہے، سب حمد وثناء اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے

اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ الْبَعْثُ
زندہ کیا ہمیں مرنے کے بعد اور اسی کی طرف پھر دوبارہ اٹھ کر

وَالنُّشُوْرُ وَاَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ
اور ایک ایک کر کے جانا ہے اور ہم نے صبح کی اور تمام مخلوق نے صبح کی

ف21 حدیث شریف میں وارد ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ خواب سے بیدار ہونے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔

ف22 یہاں مرنے سے مراد سونا ہے اور زندہ ہونے سے مراد جاگنا ہے نیند سے

ف23 مغرب کے بعد اگر پڑھا جائے تو بجائے (اَصْبَحْنَا) کے (اَمْسَیْنَا وَاَمْسَی الْمُلْکُ لِلّٰہِ) پڑھیں۔
(ترجمہ) ہم نے شام کی اور ساری دنیا نے شام کی، یعنی جو دن کو پیدا ہوا اللہ کے لیے پیدا ہوا اور جو شام کو پیدا ہوا اللہ کے لیے پیدا ہوا۔

لِلّٰهِ وَالْعِزَّةُ وَالْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَآءُ
اللہ کے لیے اور عزت اور عظمت اور بڑائی

وَالْجَبَرُوْتُ وَالسُّلْطَانُ وَالْبُرْهَانُ لِلّٰهِ
اور دبدبہ اور بادشاہی اور روشن دلیل واسطے اللہ کے ہے

وَالْاٰلَآءُ وَالنَّعْمَآءُ لِلّٰهِ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ
اور جملہ نعمتیں (ظاہری) اور نعمتیں (باطنی) اللہ تعالیٰ کے واسطے ہیں اور رات اور دن

لِلّٰهِ وَمَا سَكَنَ فِيْهِمَا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
واسطے اللہ کے ہے اور چیزیں جو شب و روز رہتی ہیں اس میں واسطے اللہ وحدہ

الْقَهَّارِ اَصْبَحْنَا [ف24] عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ
زبردست کے ہیں (یعنی اللہ کی پیدا کی ہوئی ہیں) صبح کی ہم نے دین اسلام پر اور

كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا
کلمہ اخلاص پر (یعنی سچائی کے ساتھ) اور شریعت پر اپنے نبی

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

ف24 مغرب کے بعد حسب مذکور (اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ) ہی پڑھیں۔

(ترجمہ) ہم نے شام کی اور ساری دنیا نے شام کیا۔

مِلَّةِ اَبِيْنَآ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا

اور ملت پر اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کی جو حق کے شیدا اور مسلمان تھے اور نہیں تھے

كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

مشرکین میں سے، رحمتیں نازل ہوں اللہ کی

وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ اَنْبِيَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَحَمَلَةِ

اور فرشتوں کی اور نبیوں اور پیغمبروں اور

عَرْشِهٖ وَ جَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى سَيِّدِنَا

عرش عظیم اٹھانے والے فرشتوں کی اور تمام مخلوقات کی اوپر ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر اور ان سب

السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلصَّلٰوةُ

پر سلام اور رحمتیں اللہ کی اور برکتیں ہوں، رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ف25 اَلصَّلٰوةُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے اللہ کے بھیجے ہوئے رسولؐ رحمت خدا

ف25 مستند روایات کے مطابق جناب علی ثانیؒ نے سترہ سلام حضور کی خدمت میں روضہ اقدس پر حاضری دے کر پیش کیے اور جب شفیع المذنبین کے سلام پر پہنچے' الہام ہوا کہ اس کو تین بار پڑھیں چنانچہ آپ نے تین مرتبہ (اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام عَلَیکَ یَا شَفِیعَ الْمُذْنِبِیْنَ) پڑھا۔ چونکہ آپ نے سترہ سلام پڑھے اس لیے میں نے مناسبتاً اضافی سلام نہیں لکھا۔

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے محبوب خدا کے، رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے دوست خدا کے، رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے نبیؐ اللہ کے۔ رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے برگزیدہ اللہ کے، رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللّٰهِ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے جس کو بہترین بنایا اللہ تعالیٰ نے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ اخْتَارَهُ

رحمت خدا اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے وہ ہستی جس کو برگزیدہ کیا

اللّٰهُ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ

اللہ نے رحمت خدا اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے وہ ہستی

اَرْسَلَهُ اللّٰهُ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

کہ جس کو بھیجا اللہ تعالیٰ نے، رحمت خدا اور سلام ہو آپ ﷺ پر

يَا مَنْ زَيَّنَهُ اللهُ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اے وہ ہستی جس کو سنوارا اللہ تعالیٰ نے ، رحمت خدا اور سلام ہو

عَلَيْكَ يَا مَنْ شَرَّفَهُ اللهُ اَلصَّلٰوةُ

آپ ﷺ پر اے وہ ہستی جس کو بخشا اللہ تعالیٰ نے، رحمت خدا

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ كَرَّمَهُ اللهُ

اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے وہ ہستی کرم و فضل کیا جس پر اللہ تعالیٰ نے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ عَظَّمَهُ

رحمت خدا اور سلام ہو آپ ﷺ پر اے وہ ہستی عزت دی جس کو

اللهُ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

اللہ تعالیٰ نے، رحمت خدا اور سلام ہو آپ ﷺ پر

يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اے سردار پیغمبروں کے، رحمت خدا اور سلام ہو

